# سندھ ایکٹ نمبر X مجریہ 2020

# SINDHACT NO.X OF 2021

# اسٹمپ (سندھ ترمیم) بل، 2020

# THE STAMP (SINDH AMENDMENT) BILL, 2020

## فہرست(CONTENTS)


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2۔1899 کے ایکٹ نمبرII کی دفعہ 2 کی ترمیم

Amendment of section 2 of Act No.II of 1899

3۔1899 کے ایکٹ نمبرII کی دفعہ 10 کی ترمیم

Amendment of section 10 of Act No.II of 1899

4۔1899 کے ایکٹ نمبرII میں دفعہ A-32 کی شمولیت

Insertion of section 32_A in Act No.II of 1899

5۔1899 کے ایکٹ نمبرII کی دفعہ 40 کی ترمیم

Amendment of section 40 of Act No.II of 1899

6۔1899 کے ایکٹ نمبرII میں دفعہ B-40 کی شمولیت

Insertion of section 40_B in Act No.II of 1899

7۔1899 کے ایکٹ نمبرII کی دفعہ 48 کی ترمیم

Amendment of section 48 of Act No.II of 1899

8۔1899 کے ایکٹ نمبر II کی دفعہ 62 کی ترمیم

Amendment of section 62 of Act No.II of 1899

9۔1899 کے ایکٹ نمبر II کی دفعہ 73 کی ترمیم

Amendment of section 73 of Act No.II of 1899

# سندھ ایکٹ نمبر X مجریہ 2020

# SINDHACT NO.X OF 2021

# اسٹمپ (سندھ ترمیم) بل، 2020

# THE STAMP (SINDH AMENDMENT) BILL, 2020

[15 جولائی 2020]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ صوبے میں عائد کرنے کے لیئے اسٹمپ ایکٹ، 1899 میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ صوبے میں عائد کرنے کے لیئے اسٹمپ ایکٹ، 1899 میں ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے، جو کہ اس طرح ہو گی؛

اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1۔(1) اس ایکٹ کو اسٹمپ (سندھ ترمیم) ایکٹ، 2020 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

1899 کے ایکٹ نمبر II کی دفعہ 2 کی ترمیم
Amendment of section 2 of Act No.II of 1899

2۔اسٹمپ ایکٹ 1899 میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ 2 میں:

(a) شق (7) کے بعد درج ذیل نئی شق شامل کی جائے گی:

"(7A) "چیف ریوینیو اتھارٹی" کو وہی معنی حاصل ہو گی جو اس کو

جنرل کلاسز ایکٹ، 1897 (1897 کے ایکٹ نمبر X) کی شق (9(a
کے تحت دی گئی ہے؛"

(b) شق (11) کے لیئے درج ذیل متبادل ہو گا:

"(11) "درست طرح سے اسٹمپ لگانا" سے مراد چپکا ہوا یا زور سے لگایا ہوا ٹھپہ لگانا یا ای اسٹمپ جو کہ مقررہ مقدار سے کم نہ ہو اور یہ کہ ٹھپہ قانونی طور پر لگایا گیا ہو، استعمال کیا گیا ہو یا الیکٹرانکلی جنریٹ کیا گیا ہو؛"

(c) شق (11) کے بعد درج ذیل شق شامل کی جائے گی:

"(11-A) "ای اسٹمپ" سے مراد مکمل طور پر یا عارضی طور پر پرنٹ شدہ پیپر جس پر بار کوڈ اور / یا مخصوص جیسا قواعد کے مطابق بیان کیا گیا ہو، قابل ادائیگی اسٹمپ ڈیوٹی کی ادائیگی پر صوبائی حکومت کے اکاؤنٹ میں جمع کرانے سے جنریٹ یا پرنٹ کیا جائے گا؛"

(d) شق (12) میں آخر میں آنے والے لفظ "دستخط" کے بعد درج ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا؛

"بشرطیکہ الیکٹرانک کے طور پر تیار کردہ دستاویز جس کے لیئے دستخط کی ضرورت نہ ہو، جو کہ قبول کیئے جاتے ہیں یا وہ ذمہ داری جس کو اس طرح سے ایک معمول کے کاروباری عمل میں کیا جاتا ہے، اس کو اسٹمپ ڈیوٹی کے مقصد کے لیئے کیا گیا سمجھا جائے گا؛"

(e) شق (13) کی ذیلی دفعہ (b) میں آخر میں لفظ "اور" شامل کیا جائے گا اور اس کے بعد درج ذیل نئی شق شامل کی جائے گی:

"(c) ایک ای اسٹمپ"؛

(f) شق (14) کے لیئے درج ذیل متبادل ہو گا؛

"(14)" دستاویز" جس میں شامل ہے ہر دستاویز جس کے ذریعے کوئی حق یا ذمہ داری پیدا کی گئی، منتقل کی گئی، محدود کی گئی، بڑھائی گئی، اندازہ لگائی گئی یا ریکارڈ کی گئی ہے یا ارادہ ہے اور جس میں شامل ہے کوئی الیکٹرانک شکل میں دوسری دستاویز"؛

1899 کے ایکٹ نمبر II کی دفعہ 10 کی ترمیم
Amendment of section 10 of Act No.II of 1899

3۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 10 میں:

(i) ذیلی دفعہ (1) میں سوائے شرطیہ بیان کے لفظ "اسٹمپس" کے بعد الفاظ "یا ای اسٹمپس" شامل کیئے جائیں گے؛
(ii) ذیلی دفعہ (2) کی شق (a) میں لفظ "اسٹمپس" کے بعد الفاظ "یا ای اسٹمپس" شامل کیئے جائیں گے۔

1899 کے ایکٹ نمبر II میں دفعہ A-32 کی شمولیت
Insertion of section 32_A in Act No.II of 1899

4۔ مذکورہ ایکٹ میں دفعہ 32 کے بعد درج ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:

"A-32۔ مقرر کردہ آفیسر کا سرٹیفکیٹ: چیف ریوینیو اتھارٹی کی طرف سے مقرر کردہ آفیسر سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے قانونی کارروائیوں میں گواہی کے مقصد کے لیئے ٹھپہ یا تصدیق یا دوسری صورت میں سرٹیفکیٹ جاری کرے گا"۔

1899 کے ایکٹ نمبر II کی دفعہ 40 کی ترمیم
Amendment of section 40 of Act No.II of 1899

5۔ مذکورہ ایکٹ دفعہ 40 میں:

(a) ذیلی دفعہ (1) کی شق (b) میں الفاظ "پانچ روپے، یا اگر وہ موزوں سمجھے" اور آخری سطر میں آنے والے الفاظ "پھر چاہے ایسی رقم زائد ہو یا پانچ روپے سے کم ہو" کو ختم کیا جائے گا؛
(b) ذیلی دفعہ (3) کے بعد درج ذیل کو شامل کیا جائے گا:
"(4) جہاں کوئی شخص ذیلی دفعہ (b)1 کے تحت مطلوبہ جرمانے کے

ساتھ مناسب اسٹمپ ڈیوٹی ادا کرنے میں ناکام ہوتا ہے، تیس دن کی مدت ختم ہونے کے بعد بھی وہ کل خسارے کے اسٹمپ کا دو فیصد ماہانہ سرچارج ادا کرنے کا ذمہ دار ہو گا۔

1899 کے ایکٹ نمبر II میں دفعہ 40-B کی شمولیت
Insertion of section 40_B in Act No.II of 1899

6۔ مذکورہ ایکٹ میں دفعہ 40-A کے بعد درج ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:

"40-B۔ دفعہ 40 کے تحت دیئے گئے حکم کے خلاف اپیل۔ (1) دفعہ 40(1)(b) کے تحت کلکٹر یا چیف انسپکٹر کی طرف سے کئے گئے حکم کے خلاف تیس دن کے اندر چیف ریوینیو اتھارٹی کو اپیل کی جائے گی۔

(2) آرڈر کی اپیل کے ذریعے تصدیق، تبدیلی یا واپسی نہیں کی جائے گی، جب تک اس سے متاثر شدہ فریقوں کو حاضری کے لیئے موزوں نوٹس نہ دیا جائے اور اپیل کیئے گئے آرڈر کے حق میں یا خلاف سماعت کا موقعہ نہ دیا جائے۔

(3) آرڈر کے خلاف کی گئی اپیل کے تحت کارروائی کے اسٹے کے طور پر کام نہیں کرے گی، سوائے اس کے کہ جہاں تک اپیلیٹ اتھارٹی حکم دے، اور نہ ہی کسی حکم پر عمل درآمد صرف اپیل کی گئی ہونے کی وجہ سے روک دیا جائے، لیکن اپیلیٹ اتھارٹی کافی وجہ سے، ایسے کسی حکم پر عمل درآمد رکنے کا حکم دے سکتی ہے۔

(4) اپیل میں کیئے گئے آرڈر حتمی ہوں گے اور مزید اپیل نہیں کی جائے گی۔

1899 کے ایکٹ نمبر II کی دفعہ 48 کی ترمیم
Amendment of section 48 of Act

7۔ دفعہ 48 میں موجودہ دفعات کو ذیلی دفعہ (1) کے طور پر شمار کیا جائے گا اور اس کے بعد درج ذیل کو شامل کیا جائے گا:

"(2) چیف انسپکٹر آف اسٹمپ کو کلکٹر کے اختیارات حاصل ہوں گے اور

استعمال کرے گا، جیسا سندھ لینڈ ریوینیو ایکٹ، 1967 میں بیان کیا گیا ہے۔"

No.II of 1899

1899 کے ایکٹ نمبر II کی دفعہ 62 کی ترمیم
Amendment of section 62 of Act No.II of 1899

8۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 62 میں:

(a) ذیلی دفعہ (1) میں الفاظ "پانچ سو روپے" کے لیئے الفاظ "دس ہزار روپے یا خسارہ ڈیوٹی کا بیس فیصد" جو بھی زائد ہو، متبادل ہو گا؛

(b) ذیلی دفعہ (2) میں الفاظ "پانچ سو روپے" کے لیئے الفاظ "دس ہزار روپے" متبادل ہوں گے۔

1899 کے ایکٹ نمبر II کی دفعہ 73 کی ترمیم
Amendment of section 73 of Act No.II of 1899

9۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 73 میں:

(a) ذیلی دفعہ (1) میں "کارروائیوں" کے بعد الفاظ "الیکٹرانک ڈیٹا" شامل کیئے جائیں گے؛

(b) ذیلی دفعہ (3) کے بعد درج ذیل اضافہ کیا جائے گا:

"(4) ذیلی دفعہ (1) کے تحت بااختیار بنایا گیا آفیسر، پبلک آفیسر کو ذیلی دفعہ (1) کے تحت بیان کیئے گئے رجسٹرز، بکس، ریکارڈز، کاغذات، دستاویزات یا الیکٹرانک ڈیٹا کے انسپکشن کا نوٹس جاری کرے گا۔

(5) پبلک آفیسر کو جیسے اور جب بااختیار بنائے گئے آفیسر کی طرف سے طلب کیا جائے، تمام ریکارڈ یا دستاویزات کو پیش کرے گا جس میں الیکٹرانک میڈیا تک رسائی بھی شامل ہے۔

(6) بااختیار بنایا گیا آفیسر معائنہ کرے گا اور مکمل طور پر اسٹمپ نہیں

کیئے گئے دستاویزات یا کسی دوسرے ایکٹ یا قواعد کی خلاف ورزی کی نشاندہی کرے گا، جیسا معاملہ ہو، اور خسارے کی رقم یا ایسے ریکارڈ کی جانچ کی بنیاد پر بقایا ڈیوٹیز کے متعلق پبلک آفیسر کو انسپکشن میمو جاری کرے گا۔

(7)پبلک آفیسر انسپکشن رپورٹ ملنے کے (7) سات دن کے عرصے کے اندر اپنے مشاہدے کی تحریری رپورٹ جمع کروائے گا۔

(8)اگر ذیلی دفعہ (7) کے تحت بیان کردہ مدت کے اندر کوئی جواب نہیں ملتا یا پبلک آفیسر کی طرف سے مطمئن کرنے والا جواب جمع نہیں کروایا جاتا، تو بااختیار بنایا گیا آفیسر چیف آف انسپکٹر آف اسٹمپس کو یہ باور کراتے ہوئے انسپکشن رپورٹ جمع کروائے گا کہ دستاویز مکمل طور پر اسٹمپ شدہ نہیں ہے اور اسٹمپ ڈیوٹی کی رقم کم ادا کی گئی ہے۔

(9)اس دفعہ کے تحت بااختیار بنائے گئے انسپکشن کے دوران دفعہ 34 کی گنجائشیں عائد نہیں ہوں گی۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام عوام کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**